Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | ہفتہ، 22 نومبر 2025ء، 30 جمادی الاول 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 228

کیمیکل فیکٹری میں دھماکہ، 19 افراد جاں بحق، 20 زخمی

بوائلر پھٹنے سے

فیصل آباد کے علاقے ملک پور میں واقع کیمیکل فیکٹری میں بوائلر پھٹنے سے فیکٹری میں آگ بھڑک اٹھی۔ دھماکے سے قریب واقع 9 گھروں کی چھتیں بھی گر گئیں

فیکٹری منیجر گرفتار، مالک فرار ہونے میں کامیاب، ملبے سے مزدوروں اور قریبی گھروں کے ملبے سے چار بچوں اور خواتین سمیت 13 افراد کی لاشیں، 20 افراد کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا

سینٹر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب و رانا چلڈرن ڈے کی مرکزی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد میں کیمیکل فیکٹری میں بوائلر پھٹنے سے چار بچوں سمیت 19 افراد جاں بحق اور 20 زخمی ہو گئے، دھماکے کے باعث متعدد گھروں کی چھتیں بھی گر گئیں۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد کے علاقے ملک پور میں واقع کیمیکل فیکٹری میں بوائلر پھٹنے کے بعد آگ بھڑک اٹھی۔ دھماکے سے قریب واقع 9 گھروں کی چھتیں بھی گر گئیں۔ ریسکیو ٹیموں نے (بقیہ نمبر 6)

پنجاب کی تمام شوگر ملز میں کرشنگ کا آغاز، چینی کی قیمتوں میں کمی متوقع

کرشنگ سے چینی کی بلیک میں فروخت اور مصنوعی قلت کا خاتمہ ہو سکے گا، کن کنٹرول رائج

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کے فوڈ سیکیورٹی اور ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ کے تمام 41 شوگر ملز نے کرشنگ کا آغاز کر دیا۔ ذرائع کین کمشنر کے مطابق لاہور کی 12 ملوں نے کسانوں سے گنا خریداری اور کرشنگ شروع کر دی، چینی کی بازار میں فی سپلائی آنے سے نرخوں میں 10 روپے تک فوری کمی کا امکان ہے۔ کین کمشنر ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ کرشنگ سے چینی کی بلیک میں فروخت اور مصنوعی قلت کا خاتمہ ہو سکے گا۔ واضح رہے کہ (بقیہ نمبر 7)

ٹیلی ویژن معلومات کی فراہمی کا اہم ذریعہ ہے، مریم نواز

ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک میں ٹیلی ویژن نے ثبت معاشرتی تبدیلی کی راہ ہموار کی ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ٹیلی ویژن شہریوں کو باخبر رکھنے، جمہوری شرکت کی حمایت کرنے اور حکومتوں کو جوابدہ ٹھہرانے میں مدد کرتا ہے، ٹیلی ویژن لوگوں کو مشترکہ کہانیوں کے ذریعے متحد (بقیہ نمبر 10)

فتنہ الخوارج کے زیر استعمال خطرناک امریکی ہتھیار پہلی بار منظر عام پر

چھوڑے گئے امریکی ہتھیاروں سے فتنہ الخوارج بہت فاصلے سے پاک افواج کو رات کے وقت بھی نشانہ بنا سکتے ہیں، حکام

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں سے فوجی کارروائیوں کے دوران پکڑے جانے والے فتنہ الخوارج کے زیر استعمال امریکی ہتھیار پہلی بار منظر عام پر آگئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق یہ ہتھیار پاک فوج (بقیہ نمبر 9)

ریلوے اراضی پر تجاوزات اور قبضہ کی رپورٹ طلب

وفاقی آئینی عدالت کا پاکستان ریلوے کی ملکیتی اراضی پر تجاوزات اور غیر قانونی قبضوں پر شدید برہمی کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے پاکستان ریلوے کی ملکیتی اراضی پر تجاوزات اور غیر قانونی قبضوں پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریلوے حکام سے تفصیلی رپورٹ طلب کر لی ہے۔ جج جسٹس (بقیہ نمبر 8)

قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے کوہاٹ کریب آف ٹیکنالوجی انکوبیٹر کا دورہ کیا، جہاں انجینئرنگ ٹیکنالوجی کے پیداواری عمل، مشینری اور آرمڈی آپریشنز کے بارے میں بریفنگ دی گئی

مریم نواز کی قیادت میں پنجاب کابینہ، تمام محکموں کے سخت احتساب کیلئے دوسرا اجلاس، تفصیلی بریفنگ، منصوبوں کا جائزہ، فیصلہ کن اقدامات

وزیر اعلیٰ پنجاب کی صدارت میں محکمہ پراسیکیوشن کا 3 گھنٹے طویل جائزہ اجلاس

کلینک آن ویل سے 1 کروڑ 65 لاکھ مریضوں کا علاج، مریم نواز ہیلتھ کلینک سے مجموعی طور پر 46 لاکھ 72 ہزار مریض مستفید، مریم نواز ہاسٹل میں 16 ہزار 700 سے زائد کامیاب سرجریاں

17 ہزار سے زائد ٹی بی، ہیپاٹائٹس اور ذیابیطس ٹائپ ون مریضوں کو گھر پر ادویات کی فراہمی، میڈیکل کیمپ، کلینک آن ویل، فیلڈ ہسپتال اور کلینک آن بوٹ پر ساڑھے 12 لاکھ مریضوں کا علاج

ممکنہ سیلاب سے بچاؤ کیلئے جنگی بنیادوں پر کام شروع کرنے کا حکم، ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ کو فلڈ ایمرجنسی صورتحال کیلئے ضرورت کی بنیاد پر سٹاف رکھنے کی مشروط اجازت

اوسطاً 45 میٹ کے فیصلے پر امراض قلب کے علاج کی سہولت فراہم کرنے کا اصولی فیصلہ، 313 دیہی مراکز صحت کو 30 جون تک مکمل آؤٹ سورس کرنے کا ہدف مقرر

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب کابینہ اور تمام محکموں کا سخت احتساب کیلئے دوسرے روز بھی اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو تمام اسکریننگ جاری جنگ کامیابیوں کا تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر محکموں میں جاری منصوبوں پر پیشرفت کی تفصیلی بریفنگ دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی صدارت میں ڈیپارٹمنٹس کی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر محکموں میں جاری منصوبوں پر پیشرفت کی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی صدارت 3 گھنٹے طویل محکمانہ (بقیہ نمبر 8)

کچھ عناصر خطے کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں، نائب وزیر اعظم

مسئلہ کشمیر حل کیے بغیر جنوبی ایشیا میں پائیدار امن ناممکن ہے، اسحٰق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ کچھ عناصر خطے کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے برسلز میں یورپی یونین کے (بقیہ نمبر 1)

مہنگائی کا پہاں، ویتنام، 17 برسے فجی اسکول سسٹم کو شٹر ڈاؤن جاری

کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کا پرامن حل

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیف آف پاکستان نے ملک کے 17 برسے فجی اسکول سسٹم کو میعاد بڑھا دیا ہے، ذرائع کے مطابق اسٹاف کی تنخواہوں اور اور اسٹیپنڈ کی ادائیگی کے لئے اسٹاف اور مشروط فروخت کی (بقیہ نمبر 2)

کیس لاہور نے "ایران کے جوہری عدم پھیلاؤ" کے نظام کے تحت حقوق اور فرائض" کے عنوان سے ایک گول میز ڈاکہ منعقد کیا گیا

عالمی جوہری عدم پھیلاؤ کا ڈھانچہ ایک اجتماعی عالمی اثاثہ ہے

ایران پی ٹی آئی کی طرح اسی وقت ممکن ہے جب اسے غیر جانب دارانہ طور پر نافذ کیا جائے، اس کی پاسداری ہر حال یقینی ہو اور بات چیت حقیقی سیاسی عزم کا مظاہرہ کریں

صدر کیس لاہور ایئر مارشل ریٹائرڈ محمود حق عالمی کشیدگی کے ماحول میں عدم پھیلاؤ کے نظام کو درپیش چیلنجوں پر روشنی ڈالی

لاہور (ثمائندہ عوامی للکار) سٹرٹیجک اسٹڈیز انسٹیٹیوٹ کے زیر اہتمام "ایران کے جوہری عدم پھیلاؤ کے نظام کے تحت حقوق اور فرائض" کے عنوان سے ایک گول میز ڈاکہ منعقد کیا گیا۔ ایک خود مختار تحقیقی ادارے کی حیثیت سے کیس لاہور ایسے علمی مباحث کا انعقاد کرتا رہتا ہے جن میں بین الاقوامی تعلقات کے وسیع تر تناظر سے دلچسپی رکھنے والے محققین اور پالیسی (بقیہ نمبر 1)

سٹرٹیجک اسٹڈیز انسٹیٹیوٹ کیس لاہور کے زیر اہتمام "ایران کے جوہری عدم پھیلاؤ کے نظام کے تحت حقوق اور فرائض" کے عنوان سے ایک گول میز ڈاکہ کے موقع پر شرکا کا گروپ فوٹو

ڈی پی او نارووال نے متنازعہ ویڈیوز ایچ او اوز کے حوالے کر دیئے

نارووال (این این آئی) ڈی پی او نارووال نے متنازعہ ویڈیوز ایچ او اوز کے حوالے کر دیئے۔ بتایا گیا ہے کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد نوید نے ایس ایچ او کوٹ نیناں مرشتاق کو ایس ایچ او کرتار پور تعینات کر دیا، جاوید یعقوب کو ایس ایچ او کوٹ نیناں، انسپکٹر توحید الرحمان کو احمد آباد اور انسپکٹر ناصر یعقوب کو ایس ایچ او (بقیہ نمبر 1)

شدید دھند کے باعث موٹروے ایم ون کے دو سیکشنز ٹریفک کیلئے بند

دھند کے دوران گاڑیوں میں لازمی طور پر فوگ لائٹس کا استعمال کریں، موٹروے پولیس

راولپنڈی (این این آئی) شدید دھند اور حد نگاہ صفر ہونے کے پیش نظر موٹروے ایم ون کے مختلف مقامات سے ٹریفک کیلئے بند کر دیا گیا۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق پنڈ دادنل چاڑہ سے رشکئی تک اور صوابی سے برہان تک موٹروے ایم ون کو حد نگاہ انتہائی کم (بقیہ نمبر 2 3)

شہریوں کی شکایات کے فوری ازالہ کیلئے جدید ڈیجیٹل میکانزم کا آغاز

کمیشنل ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے شہریوں کی سہولت اور بروقت خدمت کو مدنظر رکھتے ہوئے آن لائن شکایات کے ازالے کا نیا نظام متعارف کرا دیا

آن لائن سسٹم کا مقصد شکایات کے ازالے کے عمل کو شفاف، تیز رفتار اور مکمل طور پر قابل نگرانی بنانا ہے، چیئرمین سی ڈی اے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) کمیشنل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (CDA) نے شہریوں کی سہولت اور بروقت خدمت کو مدنظر رکھتے ہوئے آن لائن شکایات کے ازالے کا نظام متعارف کرا دیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور چیئرمین سی ڈی اے طی محمد عادا کی خصوصی ہدایات پر شہریوں کی شکایات کے فوری اور مؤثر حل کے لیے جدید ڈیجیٹل میکانزم کا آغاز کیا گیا ہے۔ اس نظام کے تحت شہری (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ملاقات کی

قائم مقام صدر پاکستان سے کمشنر ملتان کی ملاقات

ملتان ڈویژن میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات اور انتظامی امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی

وقت ریفلیف آپریشن اور متاثرین کی بحالی انتظامیہ کی مؤثر حکمت عملی کا ثبوت ہے، سید یوسف رضا گیلانی

قائم مقام صدر پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے کمشنر ملتان عامر کریم خان نے ملاقات کی، جس میں ملتان ڈویژن میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات اور انتظامی امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ قائم مقام صدر نے سیلاب کے دوران مقامی انتظامیہ اور کمشنر ملتان کی مؤثر کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بروقت ریفلیف آپریشن اور متاثرین کی بحالی انتظامیہ کی مؤثر حکمت عملی کا ثبوت ہے۔ کمشنر ملتان عامر کریم خان نے اس موقع پر ٹرانس قومی اسٹیل سیطلی قائم گیلانی کی سیاسی مصروفیات کو دوران انتظامی محنت اور (بقیہ نمبر 3)

ملتان: قائم مقام صدر پاکستان سید یوسف رضا گیلانی کی کمشنر ملتان عامر کریم خان سے ملاقات، ترکی قومی اسٹیل سیطلی قائم گیلانی بھی ان کے ہمراہ ہیں

پاکستان سفارتکاری سے تنازعات کے حل کا حامی ہے، عاصم افتخار

نیدرلینڈ (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ پاکستان ڈائیلاگ اور سفارت کاری کے ذریعے تنازعات کے حل کا حامی ہے۔ ایک بیان میں عاصم افتخار نے کہا کہ رومن یونرین تنازع کا کوئی فوجی حل نہیں، تنازعات کے حل کے لیے امن پیٹ کا راستہ اختیار (بقیہ نمبر 4)

امن کمیٹی کے دفتر پر خارجیوں کا حملہ، 7 بے گناہ شہریوں کو شہید کر دیا

وزیر اعظم اور وزیر داخلہ کی بنوں میں امن کمیٹی کے دفتر پر دہشتگرد الخوارج کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت

بنوں (این این آئی) بنوں کے تھانہ بہو بکی حدود میں رات گئے امن کمیٹی کے دفتر پر نامعلوم افراد کی طرف سے 7 افراد جاں بحق اور ایک (بقیہ نمبر 2 5) دہشتگرد نے دھماکا بول دیا، اندھا دھند فائرنگ کی

"گفت و شنید کی مہارت" پر ایک تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

"گفت و شنید کی مہارت"، پر تربیتی ورکشاپ کا مقصد شرکا کو تنازعات کو مؤثر طریقے سے حل کرنے کے لیے عملی حکمت عملیاں فراہم کرنا تھا

پروگرام میں پیچیدہ پیشہ ورانہ ماحول میں مواصلاتی صلاحیتوں، فیصلہ سازی اور قیادت کی مہارتوں کو بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دی گئی

لاہور (ثمائندہ عوامی للکار) نیشنل سکول آف پبلک پالیسی (NSPP) کے ایگزیکٹو ڈویلپمنٹ انسٹی ٹیوٹ (EDI) کی طرف سے "گفت و شنید کی مہارت" پر ایک تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ "گفت و شنید کی مہارت" پر تربیتی ورکشاپ کا انعقاد جمعہ 21 نومبر 2025 کو "گفت و شنید کی مہارت" پر ایک تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ کا مقصد شرکا کو تنازعات کو مؤثر طریقے سے حل کرنے کے لیے عملی حکمت عملیاں فراہم کرنا تھا۔ پروگرام میں (بقیہ نمبر 2)

عمران خان سے ملاقات میں رکاوٹیں ڈالنے پر وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کا مریم نواز کو خط

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل خان آفریدی نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کو باضابطہ خط لکھ کر اڈیالہ جیل میں عمران خان سے ملاقاتوں میں درپیش مسائل پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ خط میں موقف اختیار کیا گیا کہ عدالتی احکامات کے (بقیہ نمبر 4)

نیشنل سکول آف پبلک پالیسی (NSPP) کے ایگزیکٹو ڈویلپمنٹ انسٹی ٹیوٹ (EDI) کی طرف سے "گفت و شنید کی مہارت" پر ایک تربیتی ورکشاپ کے انعقاد کے موقع پر شرکا کا گروپ فوٹو

ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی میں 0.07 فیصد اضافہ

مجموعی سالانہ مہنگائی کی شرح 3.53 فیصد ہو گئی، ادارہ شماریات

لاہور (این این آئی) ملک میں ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی میں 0.07 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس کے بعد مجموعی سالانہ مہنگائی کی شرح 3.53 فیصد ہو گئی۔ (بقیہ نمبر 9)

امریکی قانون ساز بھی مریم نواز کی لیڈر شپ کے معترف، میں عظمیٰ انجم

مریم نواز حکومت کے ویژن کو امریکی قانون سازوں نے جنوبی ایشیاء میں مثال قرار دیا

مریم نواز بھرپور محنت اور ذمہ داری سے فرائض سرانجام دے رہی، اسی لیے دنیا کو انکے کام نظر آ رہے ہیں

مریم نواز کا کام اور انکے فلاحی منصوبے عالمی سطح پر انکی پہچان بن رہے ہیں، صوبائی وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (ثمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ امریکی کانگریس کا مریم نواز کو کھلا کیا غنڈ حوصلہ افزاء اور قابل ستائش ہے۔ امریکی قانون ساز مریم نواز کی لیڈر شپ کے معترف ہیں۔ امریکی کانگریس نے مریم نواز کے ماحولیات اور بجری مشقت کے خاتمے کے (بقیہ نمبر 5)

نیپال میں بھارتی پرچم لہرانے پر طلبہ انجم نے معافی مانگ لی

جن لوگوں کا دل میری کسی عمل سے دکھا ہے، میں ان سب سے معذرت کرتا ہوں

لاہور (این این آئی) معروف پاکستانی ریپر طلبہ انجم نے نیپال میں بھارتی پرچم لہرانے والے پروگرام کے دوران معافی مانگ لی۔ طلبہ انجم نے گزشتہ ہفتے (بقیہ نمبر 6)

آئل ٹینکر میں آگ لگنے سے ویلڈر سمیت 4 افراد جھلس کر جاں بحق

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان کی تحصیل شاہ صادق مسلم چوک کے قریب آئل ٹینکر میں آگ لگنے کے نتیجے (بقیہ نمبر 7)

ناقص کارکردگی والے کالجز کو آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ

کالج مینجمنٹ کمیٹیز کا نیا ڈھانچہ تیار، نئی کمیٹیوں کی تشکیل کے بعد 20 ارب کے فنڈز موثر طور پر استعمال ہونگے

کالجز میں پڑے 2 ارب کے فنڈز شفاف انداز میں خرچ ہوں گے، آؤٹ سورسنگ سے کالجز کی کارکردگی بہتر بنائیں گے

لاہور: ایڈیشنل جنرل منیجر ریلوے یوسف خان لاہور سٹیشن پر اپ گریڈ ڈرین لاغالی اسٹیمر کے افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) پنجاب میں ناقص کارکردگی والے کالجز کو آؤٹ سورس کرنے کی تیاری کر لی گئی ہے، کم کارکردگی والے جنرل کالجز کو بھی آؤٹ سورسنگ کیا گیا۔ 100 سے کم طلبہ والے کالجز پہلے مرحلے میں آؤٹ سورس ہو چکے ہیں۔ حکومت کو جنرل کالجز آؤٹ سورس کرنے کی تجویز ارسال کر دی گئی، حکام کے مطابق کالج مینجمنٹ کمیٹیز کا نیا ڈھانچہ بھی تیار کیا گیا ہے، بی کمیٹیوں کی تشکیل کے بعد 20 ارب کے فنڈ موثر طور پر استعمال ہوں گے۔ کالجز میں پڑے 20 ارب کے فنڈز شفاف انداز میں خرچ ہوں گے، آؤٹ سورسنگ سے کالجز کی کارکردگی بہتر بنائیں گے۔ طلباء کی (بقیہ نمبر 8)

مسابقتی کمیشن نے ملک کے 17 بڑے نجی سکولز سسٹمز کو نوٹس جاری کر دیئے

سکولز سسٹمز کو مبینہ اجارہ داری کے غلط استعمال، مشروط فروخت کی شکایات پر شوکاز نوٹس جاری کئے گئے

سی سی پی سازے 7 کروڑ روپے تک جرمانہ عائد کرنے کا اختیار رکھتا ہے، جاری کئے گئے شوکاز نوٹس کا اعلامیہ

لاہور (این این آئی) مسابقتی کمیشن آف پاکستان نے ملک کے 17 بڑے نجی سکولز سسٹمز کو مبینہ اجارہ داری کے غلط استعمال اور مشروط فروخت کی شکایات پر شوکاز نوٹس جاری کر دیئے ہیں، تمام نجی سکولز سسٹمز کو 14 روز میں تحریری جواب جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ کمیشن کے اعلامیے کے مطابق نجی سکولوں پر الزام ہے کہ وہ طلبہ کو مخصوص ویڈز سے جھگی کاپیاں، نوٹ بکس اور (بقیہ نمبر 7)

پاکستان لبنان کیساتھ اپنی دیرینہ وابستگی کو انتہائی اہمیت دیتا ہے

باہمی تعلق کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہیں، صدر مملکت آصف علی زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے لبنان کی حکومت اور براور عوام کو جمہوریہ لبنان کے یوم آزادی کے موقع پر دلی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان لبنان کے ساتھ اپنی دیرینہ وابستگی کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور اس باہمی مفہ (بقیہ نمبر 2 1)

الیکٹرک بیکسی سکیم کی ڈسٹری بیوشن کا فارمولہ تبدیل کرنے کا فیصلہ

پہلی مرتبہ خواتین کو بھی ماحول دوست الیکٹرک بیکسی سکیم کا شیئر دیا جائے گا

لاہور (این این آئی) الیکٹرک بیکسی سکیم کی ڈسٹری بیوشن کا فارمولہ تبدیل کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا، پہلی مرتبہ خواتین کو بھی ماحول دوست الیکٹرک بیکسی (بقیہ نمبر 2 2)

سینٹر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب و رانا چلڈرن ڈے کے موقع پر پنجاب اسمبلی میں منعقد تقریب کے موقع پر بچی کے ساتھ تصویر بنوا رہی ہیں

نیشنل ایشیا ایوارڈ 2025، پاکستانی صنعت کیلئے تاریخی پیش رفت

نمائش میں وفاقی وصوبائی وزراء، متعدد ملکی اور بین الاقوامی ماہرین کی شرکت متوقع

اسلام آباد (این این آئی) جنوبی ایشیا کی سب سے بڑی ٹیکسٹائل انڈسٹری نمائش اور کانفرنس ایشیا انٹرنیشنل ٹیکسٹائل کانفرنس (آج) ہفتہ 22 نومبر بروز ہفتہ سے لاہور میں شروع ہوں گی۔ تفصیلات کے مطابق ایکسپو ٹیکسٹائل ایشیا انٹرنیشنل ٹیکسٹائل کانفرنس (آج) ہفتہ 22 نومبر بروز ہفتہ سے لاہور میں شروع ہوں (بقیہ نمبر 6)

ni

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
ABC
عوام کی آواز، عوام کا اخبار
ناشر: ڈاکٹر عبدالمجید بلوچ، چیف ایڈیٹر: ڈاکٹر عبدالمجید بلوچ

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پاکستان کی قرارداد برائے حق خودارادیت کی متفقہ منظوری

اقوام متحدہ کی ایک کمیٹی نے اتفاقِ رائے سے پاکستان کی ایک قرارداد منظور کرلی جس میں ان اقوام اور عوام کے حق خودارادیت کے جامع عزم کو دوبارہ اجاگر کیا گیا ہے جو اب بھی نوآبادیاتی، غیر ملکی اور اجنبی تسلط کے تحت ہیں۔

پاکستان کی یہ قرارداد جو 1981ء سے مسلسل پیش کی جارہی ہے دنیا کو اس حقیقت کی طرف متوجہ کرتی ہے کہ کچھ جدوجہدیں محض سفارتی بیانیوں سے نہیں، بلکہ نسل در نسل قربانیوں سے لکھی گئی ہیں۔ فلسطینی عوام کی تین نسلیں اس جدوجہد میں مٹ چکی ہیں، جبکہ کشمیری عوام پچھلے 75 برسوں سے بدترین فوجی محاصرے، سیاسی جبر اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا سامنا کر رہے ہیں۔ ایسے میں اقوام متحدہ کی قراردادوں کا "اتفاقِ رائے" سے منظور ہونا یقیناً علامتی اہمیت رکھتا ہے، مگر زمینی حقیقت کی تلخی یہ ہے کہ یہ قراردادیں آج بھی محض کاغذ کے صفحات سے آگے نہیں بڑھ سکیں۔ قرارداد میں جنرل اسمبلی کی جانب سے غیر ملکی قبضے، فوجی مداخلت اور زبردستی کے تسلط کی شدید مخالفت کا عزم ظاہر کیا گیا ہے۔ لیکن سوال اپنی جگہ برقرار ہے: کیا صرف مخالفت کافی ہے؟ اور اگر کافی نہیں، تو پھر عالمی ادارہ اپنے اختیار اور قوتِ نافذہ کو کب استعمال کرے گا؟ دنیا اب یہ سوال اٹھا رہی ہے کہ اگر اقوام متحدہ کی قراردادیں دائیوں تک بغیر عملدرآمد کے یونہی تڑپتی رہیں، تو ایسے اداروں کی اخلاقی اور عملی حیثیت کیا رہ جائے گی؟ کشمیر اور فلسطین کے لوگ اپنے حقوق کی منظوری نہیں، بلکہ حقِ خودارادیت کی عملی تعبیر چاہتے ہیں۔ وہ دنیا سے محض بیان بازی نہیں، بلکہ ایسے واضح اقدامات کی توقع رکھتے ہیں جو طاقت کے توازن کو انصاف کی طرف جھکا سکیں۔ پاکستان کی قرارداد یقیناً اتمامِ حجت کے مصداق ہے۔ عالمی برادری اس کے بعد یہ عذر پیش نہیں کر سکتی کہ اسے حقائق سے لاعلمی تھی۔ مگر اب ضرورت اس بات کی ہے کہ اقوام متحدہ بھی قراردادوں کے ڈھیر میں ایک اور دستاویز شامل کرکے "فرض ادا" کرنے کے بجائے موثر عملی قدم اٹھائے۔ قابض افواج پر پابندیاں، انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر عالمی کمیشن، غیر جانبدار مبصرین کی تعیناتی، بایکاٹ رفٹرم کے لیے ٹائم لائن، یہ سب وہ راستے ہیں جو اقوام متحدہ کے اختیار میں ہیں، مگر استعمال نہ کیے جانے کی وجہ سے عالمی اعتماد شدید متاثر ہو رہا ہے۔ دنیا کا سب سے بڑا عالمی ادارہ قراردادیں پاس کرنے کا راستہ بند نہیں کرسکتا، مگر قراردادوں کو عمل کے بغیر کب تک چلایا جائے گا؟ کشمیر اور فلسطین جیسے مسائل محض قراردادوں سے نہیں، فیصلوں سے حل ہوں گے۔ اور فیصلے تبھی پیدا ہوں گے جب اقوام متحدہ اپنی اخلاقی ذمہ داری کو اختیاری طاقت میں بدلنے کا حوصلہ پیدا کرے۔

کامیابی کے تین ستون۔۔۔۔صبر، محنت اور یقین

چشم نم
رشید احمد نیم
Rasheed03014033622@gmail.com

کی کامیابی میں چنگ تو ہوتی ہے مگر وہ چنگ سورج کی تپش، کسی بجلی کے بلب کی طرح ہوتی ہے جو چند لمحے کے لیے جلتا ہے اور پھر بجھ جاتا ہے۔ شارٹ کٹ کا تصور بھی کم خطرناک نہیں۔ آج کے تیز رفتار زمانے نے انسان کو صبر سے محروم کردیا ہے۔ ہر شخص چاہتا ہے کہ وہ منزل تک بغیر سفر کے پہنچ جائے مگر حقیقت یہ ہے کہ کوئی بھی راستہ جس میں محنت اور مشقت شامل نہ ہو وہ منزل تک نہیں جاتا بلکہ بھٹکنے والے چوراہے پر ختم ہو جاتا ہے۔ شارٹ کٹ بظاہر آسان لگتا ہے مگر وہ انسان کو اس تجربے اور تربیت سے محروم کردیتا ہے جو اصل کامیابی کے لیے لازمی ہے۔ جس نے پہیہ نہیں بنایا وہ کیا کامیابی کی قیمت نہیں سمجھ سکتا۔ وقت نے یہ سچ بارہا ثابت کیا ہے کہ جو شارٹ کٹ سے کامیاب ہوا وہ جلد ہی منظر سے غائب بھی ہو گیا۔ کامیابی کی اصل بنیاد صبر ہے۔ وہ بنیاد اراده جو ہر حالات کے سامنے جھکتا ہے، نہ ناکامیوں کے سامنے ہارتا ہے۔ عزم و دگ ہی تو انسان کو اندر سے جیتتی ہے اور ہمارا سے جلا بخشتی ہے۔ یہی وہ طاقت ہے جو ایک عام انسان کو غیر معمولی بنا دیتی ہے۔ "عزم معمم" انسان کو وہ سچ دیتا ہے جو اسے خود اپنے اندر تلاش کرنا ہوتا ہے۔ یہ وہ سچ ہے جو انسان کو اپنی کمزوریوں کو پہچاننے اور اپنی صلاحیتوں کو پہچاننے کا حوصلہ دیتا ہے۔ یہی سچ انسان کو اپنی کامیابی کے راستے پر گامزن کرتا ہے۔ یہی عزم انسان کو ناکامی کو تجربہ سمجھنے پر مجبور کرتا ہے۔ یہی وہ قوت ہے جو انسان کو ہر چیلنج کو اپنی کامیابی کا زینہ بنانے کا حوصلہ دیتا ہے۔ کامیابی انسان کو ہر کامیابی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کامیابی کا راز کسی چال، کسی شارٹ کٹ یا کسی چنگ دار وعدے میں نہیں چھپا۔ یہ انسان کے اپنے اندر پوشیدہ ہے جو اپنے دل میں ایمان، ارادہ اور صبر پیدا کر لے وہ دنیا کے کسی بھی کنویں سے کچھ نہ کچھ لیتا ہے۔ دولت اور شہرت وقتی ہیں مگر عزم معمم انسان کو وہ مقام دیتا ہے جو وقت سے ماورا ہوتا ہے لہٰذا اگر آپ کامیابی چاہتے ہیں تو لالچ سے بچیں اور شارٹ کٹ سے گریز کرتے ہوئے اپنے عزم کو پانتہ کیجیے کامیابی آپ کے قدم چومنے پر مجبور ہو جائے گی۔ دنیا ہمیشہ اسی کے سامنے جھکتی ہے جس نے اپنے خوابوں کے لیے جدوجہد کی ہو، اپنی صبر کو ایوان بنایا ہو اور اپنے عزم کو عبادت سمجھا ہو۔ یہی وہ لوگ ہیں جو وقت کے دھارے پر اپنی شناخت رقم کر جاتے ہیں اور یہی اصل کامیابی ہے۔

ڈاکٹر سمیرا اشرف، ایک آہنی خاتون، صحت اور عورتوں کے لیے قائدانہ رہنما

تحریر: کنعان بلی

پنجاب کے شعبہ صحت میں ڈاکٹر سمیرا اشرف اپنی پیشہ ورانہ مہارت، انتھک خدمات، انتظامی و تکنیکی صلاحیتوں سے اپنی قابلیت کے جوہر کو ظلمی، صوبائی اور انٹرنیشنل سطح پر منوا رہے ہوئے عورتوں کے لیے ایک کلیدی رول ماڈل کی حیثیت رکھتی ہیں۔ دہائیوں پر محیط ان کے پیشہ ورانہ سفر میں تجربات کی ایک وسیع سطح شامل ہے، جس میں محنت، محدود ہی ایک فہرست نہیں، بلکہ یہ پنجاب کے پبلک ہیلتھ کے نظام کو بہتر بنانے، صلاحیتوں کی بہتات کے پروگرامز کی تشکیل کرنا اور دور دراز علاقوں تک بھی صحت کی بنیادی سہولیات پہنچانا ہے۔

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اور ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ کے طور پر تعینات رہنے والی ڈاکٹر سمیرا اشرف نے ہیلتھ کیئر سسٹم کو مضبوط بنانے کے لیے کئی اہم اقدامات کیے۔ ان کا ماننا تھا کہ صحت کے مسائل کا پائیدار حل صرف اسپتالوں کے اندر نہیں بلکہ کمیونٹی کی سطح پر رونما ہونا چاہیے۔ ان کا مقصد اپنے ابتدائی تجربات سے پنجاب کے صحت کے نظام کو سمجھنا، اس کے چیلنجز کو قبول کرنا اور بدلے ہوئے پیمانے پر تبدیلی لانے اور نت جدت کو اپنا کر شعبہ صحت کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا بن گیا۔

جب آپ ڈی ایچ او خانیوال کے اہم عہدے پر فائز تھیں تو آپ نے پرائمری اور سیکنڈری ہیلتھ کیئر کی فراہمی کو (ڈی ایچ کیو) اور دیہی صحت مراکز (بی ایچ یوز) میں تمام تر سہولیات کو یقینی بنایا۔ ان دنوں والیوں میں بنیادی صحت مراکز، زچہ و بچہ کی صحت، اپی ای آئی کی کارکردگی کو بہتر بنانا، حفاظتی ٹیکوں کی مہمات کے پروگرامز کی نگرانی کرنا اور دور دراز علاقوں تک بھی صحت کی بنیادی سہولیات پہنچانا ہے۔

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اور ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ کے ایک مسلسل جدوجہد کے دوران ان کو اپنے وسیع، متنوع تجربہ، غیر متزلزل قیادت، عزم اور بے لوث خدمات کے بدلے میں اہمی ہی تا تون کا خطاب ملا ہے۔ اس وقت پراجیکٹ ڈائریکٹر پنجاب ایلیٹ ڈیزیز پروگرام کے طور پر تعینات ڈاکٹر سمیرا اشرف کی کہانی عزت لگن، اور صحت کے شعبے سے گہری وابستگی کی عکاسی کرتی ہے۔

اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد ڈاکٹر سمیرا اشرف نے فوری طور پر کلینکل پریکٹس کے ساتھ صحت عامہ کے وسیع تر دائرہ کار میں اپنا کردار ادا کرنے کا فیصلہ کیا۔ ان کا ماننا تھا کہ صحت کے مسائل کا پائیدار حل صرف اسپتالوں کے اندر نہیں بلکہ کمیونٹی کی سطح پر رونما ہونا چاہیے۔ ان کا مقصد اپنے ابتدائی تجربات سے پنجاب کے صحت کے نظام کو سمجھنا، اس کے چیلنجز کو قبول کرنا اور بدلے ہوئے پیمانے پر تبدیلی لانے اور نت جدت کو اپنا کر شعبہ صحت کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا بن گیا۔

ڈاکٹر سمیرا اشرف نے پبلک ہیلتھ کے شعبے میں بنیادی اصلاحات کیں، ایپی ای آئی کی کارکردگی کو بہتر بنانا، حفاظتی ٹیکوں کی مہمات کے پروگرامز کی نگرانی کرنا اور دور دراز علاقوں تک بھی صحت کی بنیادی سہولیات پہنچانا ہے۔

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اور ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ کے ایک مسلسل جدوجہد کے دوران ان کو اپنے وسیع، متنوع تجربہ، غیر متزلزل قیادت، عزم اور بے لوث خدمات کے بدلے میں اہمی ہی تا تون کا خطاب ملا ہے۔ اس وقت پراجیکٹ ڈائریکٹر پنجاب ایلیٹ ڈیزیز پروگرام کے طور پر تعینات ڈاکٹر سمیرا اشرف کی کہانی عزت لگن، اور صحت کے شعبے سے گہری وابستگی کی عکاسی کرتی ہے۔

ایپی ای آئی کے کام کے علاوہ ڈاکٹر سمیرا اشرف نے ڈی ایم ایس سی ٹرکتام اور پرمیڈیکل سائنسز کے ساتھ حاصل کیا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے بتایا کہ میں نے میٹرک مکمل کرلیا ہے لیکن مجھے یقین نہیں کہ کراب میں اپنی زندگی جاری رکھوں گی یا نہیں کیونکہ میں ماڈلنگ کرنا چاہتی ہوں یہ میرا جنون ہے، میں نے سکول ختم کیا اور اب میں پڑھنا چاہتی ہوں جس کو چہ سے میں نے پڑھائی سے وقفہ لیا اب میں ختم کے علاوہ کچھ کرنا چاہتی ہوں۔ عائشہ اظہر نے کہا کہ میں دوسروں کی طرح تعلیم حاصل کرنے کی اہمیت سمجھتی اور تین بار فیل ہونے کے بعد پرنٹ میڈیا پر کیا، میرا امتحان میرے دوستوں کی وجہ سے پاس ہوا جو مجھے بہت دبرتی تھی کیونکہ میں ہمیشہ فیل ہوتی تھی۔

"دل یہ پکارے آجا" فیم گرل کا میٹرک میں تین بار فیل ہونے کا انکشاف

میں ماڈلنگ کرنا چاہتی ہوں یہ میرا جنون ہے، عائشہ اظہر کا انٹرویو

کراچی (این این آئی) فن اسٹیج کے مشہور گانے "دل یہ پکارے آجا" سے مشہور ہونے والی لڑکی عائشہ اظہر نے میٹرک میں تین بار فیل ہونے کا انکشاف کیا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے بتایا کہ میں نے میٹرک مکمل کرلیا ہے لیکن مجھے یقین نہیں کہ کراب میں اپنی زندگی جاری رکھوں گی یا نہیں کیونکہ میں ماڈلنگ کرنا چاہتی ہوں یہ میرا جنون ہے، میں نے سکول ختم کیا اور اب میں پڑھنا چاہتی ہوں جس کو چہ سے میں نے پڑھائی سے وقفہ لیا اب میں ختم کے علاوہ کچھ کرنا چاہتی ہوں۔ عائشہ اظہر نے کہا کہ میں دوسروں کی طرح تعلیم حاصل کرنے کی اہمیت سمجھتی اور تین بار فیل ہونے کے بعد پرنٹ میڈیا پر کیا، میرا امتحان میرے دوستوں کی وجہ سے پاس ہوا جو مجھے بہت دبرتی تھی کیونکہ میں ہمیشہ فیل ہوتی تھی۔

مہماتوں کی تذلیل کرنیوالے پوڈ کاسٹر پر سحر خان کی تنقید

یہ زندگی انسان کو خدا نے دی ہے، ہر انسان کو اپنی مرضی سے زندگی گزارنے کا حق ہے

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ سحر خان نے انٹرنیٹ کے نام پر مہماتوں یا ٹھیوس خواتین کی تذلیل کرنے والے پوڈ کاسٹرز پر شدید تنقید کی ہے۔ سحر خان نے اپنی انسٹا اسٹوری میں لکھا کہ آج کل، بہت سارے پوڈ کاسٹ واقعی پریشان کن ہوتے جا رہے ہیں جہاں پوڈ کاسٹرز مہماتوں کو صرف ان کی تذلیل کرنے کے لیے مدعو کرتے ہیں اور ایسے سوالات پوچھتے ہیں جن کا مقصد واضح طور پر انہیں شرمندہ کرنا ہوتا ہے۔ انہوں نے لکھا کہ میں نے حالی میں ہی ایک پوڈ کاسٹ دیکھا جس میں میزبان نے ایک خاتون کو اس کی ویڈیو دیکھ کر یہ پوچھا کہ آپ کو کیا لگتا ہے کہ یہ سب جو آپ نے کیا ہے یہ غلط ہے؟ اداکارہ نے لکھا کہ کیا کیلئے کیا سچ ہے؟ یہ فیصلہ کرنے کا حق لوگوں کے پاس نہیں ہے، کسی کو بھی یہ فیصلہ کرنے کا حق ہے کہ کسی دوسرے انسان کو اپنی زندگی کیلئے گزارنے کا حق ہے۔

ملکہ حسن کا تاج میکسیکو کی فاطمہ بوش کے سر سج گیا

بنگلہ (این این آئی) کھالی ایلیزیم سن یونیورسٹی مقابلے کے فائنل میں ملکہ حسن کا تاج میکسیکو کی فاطمہ بوش کے سر سج گیا۔ فیصلہ ججز کے مطابق میکسیکو کی فاطمہ بوش لائیو انٹرایکٹو میٹنگ کے دوران فنالی ایونٹ ڈائریکٹر سر عام رزنٹل کے بعد ماحول کی

ہاہرہ خان کو سامنے دیکھ کر نوجوان مداح آبدیدہ ہوگیا

اداکارہ نے نوجوان کو اسٹیج پر بلا لیا، ماہرہ خان نے مداح کو تحفہ دی

لاہور (این این آئی) پرستار اداکارہ ماہرہ خان کو سامنے دیکھ کر نوجوان مداح کے آبدیدہ ہوگئے کی ویڈیو وائرل ہوگئی۔ ماہرہ خان ان دنوں اپنی آنے والی فلم "نظیرہ" کی تشہیر میں مصروف ہیں۔ تشہیری مہم کے دوران حال ہی میں وہ لیہل آباد میں پہنچیں جہاں انہوں نے ماحول کے ساتھ تصاویر اور ویڈیوز بھی بنائیں۔ تشہیری مہم کے دوران ماہرہ خان اور فواد خان نے فلم کے مناظر پر پرفارمنس بھی کی جبکہ فلم کے مداح کو اسٹیج پر بلا کر اسٹیج سے نیچے تشہیری تقریب کے دوران ایک نوجوان مداح ماہرہ خان کو اپنے سامنے دیکھ کر جذباتی ہوگیا جس پر اداکارہ نے انہیں اسٹیج پر بلایا۔ وائرل ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے

گوندا سے آخری سانس تک محبت کرتی رہوں گی، سنیتا آہوجا

آج کل جو کچھ بھی ہو رہا ہے وہ تاریک دور ہے، میڈیا سے گفتگو

کمیٹی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف اداکار گوندا کو جسمانی بے وفائی اور جذبات سے کھیلنا بہت تکلیف دہ ہے، میں گوندا سے آخری سانس تک محبت کرتی رہوں گی۔ سنیتا آہوجا نے بھارتی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ازدواجی زندگی اور محبت میں ملنے والی بے وفائی کو تکلیف دہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ 3 سالہ ازدواجی زندگی اور باہمی عمل کو رات کی۔ ایک سوال کے جواب میں سنیتا نے کہا کہ جب کسی شخص سے محبت کی جائے تو دھوکا نہیں دینا چاہیے یہ غلط ہے اور میں اس معاملے میں بہت جذباتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں گوندا سے آخری سانس تک غیر مشروط محبت کرتی رہوں گی اور اگر مجھے کاغذ کا ٹکڑا بنا دیا جائے تو پھر بھی کنوارا رہوں گی۔ سنیتا آہوجا نے کہا کہ جب محبت کی جائے تو پھر جذباتی یا جسمانی بے وفائی اور دھوکے کی کوئی جگہ نہیں ہوتی۔ سنیتا نے کہا کہ جب محبت کی جائے تو پھر جذباتی یا جسمانی بے وفائی اور دھوکے کی کوئی جگہ نہیں ہوتی۔

چاکلیٹی ہیرو وحید مراد کی 42 ویں برسی (کل) منائی جائے گی

فلم انڈسٹری کے چاکلیٹی ہیرو وحید مراد 12 ستمبر 1938ء کو کراچی کے معروف فلم و اسٹری پروڈیوسر مراد کے گھر پیدا ہوئے۔ وحید مراد پاکستانی فلم انڈسٹری کے رومانٹک اور سائنٹس ہیرو تھے وہ فلموں پر کھرائی کا وصف رکھتے تھے۔

معروف بھارتی گلوکار بھی پاکستانی ٹیلنٹ کے پرستار ہوگئے

لاہور (این این آئی) پاکستان میں 10 سال بعد دوبارہ شروع ہونے والا میوزک بینڈ شو پاکستان آئیڈل سیزن 2 دنیا کے 2 ممالک میں بھی بھارت میں بھی مقبولیت حاصل کر رہا ہے۔ اس بات کا ثبوت حال ہی میں ہونے والی پیشرفت کے بعد سامنے آیا ہے۔ پاکستان آئیڈل کے تج اور معروف گلوکار میوزک کمپوزر بلال تھصوم نے بھارت کے فنرل گلوکار اور کلاسیکل گلوکار کی جانب سے موصول ہونے والا پیغام شیئر کیا۔ یہ پیغام معروف بھارتی گلوکار وشول گانیک ہری ہران نے بلال تھصوم کو واٹس ایپ پر کیا۔ بھارتی گلوکار نے بلال تھصوم سے علیک سلیک کے بعد پاکستان آئیڈل کی تعریف کی اور بتایا کہ وہ بھی شوق دیکھ رہے ہیں۔

شوبز SHOWBIZ

پی ایس ایل کی دو ٹیموں کی نیلامی 6 جنوری 2026 کو ہوگی

لاہور (این این آئی) پی ایس ایل کی دو ٹیموں کی نیلامی 6 جنوری 2026 کو ہوگی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق پاکستان سپر لیگ میں توسیع کا اہم عمل میل عبور کرلیا گیا۔ پی ایس ایل کی نئی فرنچائز کے لیے 6 ممکنہ شہروں کی فہرست جاری کردی گئی بفیصل آباد، راولپنڈی، حیدرآباد بھی ممکنہ فرنچائز میں شامل ہیں جبکہ سیالکوٹ، مظفر آباد اور گلگت کے نام بھی شارٹ لسٹ ہوئے ہیں ،صرف فٹبالیکٹی کو لیفائیڈ بولی دہندگان نیلامی میں شریک ہوں گے۔ پی ایس ایل اور پی ایس ایل سہ ان قصبے کے مطابق نئی پی ایس ایل عالمی سطح کی نئی ٹوئنٹی ٹیم کے طور پر تیار کر رہی ہے۔

سری لنکا کو کرکٹ بہتر کھیلنا پڑے گی، کپتان داسن شاکا

راولپنڈی (این این آئی) سری لنکن کپتان داسن شاکا نے کہا ہے کہ سری لانکا کو کرکٹ بہتر کھیلنا پڑے گی زمبابوے کے بلاوک کو جیت کا کریڈٹ جاتا ہے۔ داسن شاکا نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ زمبابوے کے کھلاڑی لیگ کرکٹ میں کھیل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زمبابوے اور پاکستان کو کسنہ میچز میں شکست دینے کی کوشش کریں گے۔ داسن شاکا کے مطابق جیرا تھم اسالانکا کی ٹیم موجودہ ہی سے پرشخر ہیں پڑا۔ واضح رہے کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں سری لنکا کو 67 دوسرے میچ میں زمبابوے نے سری لنکا کو 67 رنز سے شکست دی ہے۔

قومی شرٹ پہن کر صرف جیت کا سوچتے ہیں، کپتان زمبابوے

